PUNJAB
Education Foundation

حوالہ نمبر: PEF/QAI/ADU/2024/199 تاریخ: 12 دسمبر، 2024

عنوان: اطلاع بابت انعقاد پری کیو-اے-ٹی برائے آئی آر سی ایس فیز 1 اور 8 (IRCS Phase 1 & 8)

السلام علیکم!

محترم درخواست گزاران برائے آئی آر سی ایس فیز 1 اور 8

امید ہے کہ آپ خیریت سے ہوں گے۔

آئی آر سی ایس فیز 1 اور فیز 8 کے لیے پیف ویب سائیٹ پر دی گئی تفصیلی شرائط کے حوالہ سے EVS اور FAS کے اہل درخواست گزاران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ان کے سکول میں پری کیو اے ٹی مورخہ 18 دسمبر 2024 کو منعقد کیا جائے گا۔

کیو اے ٹی کے سلسلے میں چند اہم معلومات درج ذیل ہیں:۔

1۔ کیو اے ٹی کے لیے سلیبس پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ کی کتب کا ابتدائی 50 فیصد ہوگا مزید براں کیو اے ٹی صرف تین مضامین ریاضی، انگریزی اور اردو کا لیا جائے گا۔

2۔ کیو اے ٹی صرف ان طلباء کا لیا جائے گا جن کا نام درخواست کے ساتھ لف فہرستوں / انرولمنٹ میں مہیا کیا گیا ہے ان طلباء کا ٹیسٹ ان کلاسوں کے مطابق لیا جائے گا جو درخواست میں درج کی گئی ہیں۔

3۔ کیو اے ٹی کے لیے پرائمری سکول میں سے کلاس دوئم سے لے کر پنجم تک کوئی سی دو کلاسز منتخب کی جائیں گی۔ جبکہ ایلیمنٹری کے لیے ایک کلاس پرائمری سیکشن سے اور دو کلاسز ایلیمنٹری سیکشن سے منتخب کی جائیں گی۔ سیکنڈری سکول کے لیے ایک کلاس پرائمری سیکشن سے اور ایک کلاس ایلیمنٹری اور ایک کلاس سیکنڈری سیکشن سے منتخب کی جائیں گی۔ منتخب شدہ تمام کلاسز کا تحریری کیو اے ٹی لیا جائے گا۔

4۔ جن سکولز میں کلاس دوئم سے لے کر کلاس دہم تک طلباء کی تعداد صفر ہوگی وہاں نرسری / پریپ اور اول کلاسز کا زبانی امتحان لیا جائے گا۔

5۔ کیو اے ٹی پاس کرنے کے لیے کم از کم 50 فیصد طلباء کو کیو-اے-ٹی میں کم از کم 40 فیصد نمبرز حاصل کرنا ہوں گے۔

مزید براں تمام سکول مالکان سے گزارش کی جاتی ہے کہ کیو اے ٹی والے دن درخواست کے ساتھ فراہم کی گئی طلباء کی فہرست کے مطابق حاضری کو یقینی بنائیں۔

خیر اندیش

ڈائریکٹر (کیو-اے-آئی)

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A, Main Road,
Gulzar-e-Qaid, Old Airport Road,
Rawalpindi. Ph: 051-5955860

Regional Office Multan
238-B, Model Town, Multan.
Ph: 061-6216399